## ایم کیوایم سکھوں سمیت مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی زبانی بات نہیں کرتی بلکہ عملی طور پر ان کے ساتھ ہے، الطاف حسین

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم سکھ برادری کو بیساکھی کے تہوار کی مبارکباد

لندن۔۔۔11، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم سکھ برادری کو بیساکھی کے تہوار کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ بیساکھی کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ مظلوموں کی جماعت ہے اور ایم کیوایم سکھوں سمیت تمام مذاہب کے مظلوموں کے ساتھ ہے اور ان کے ساتھ کسی بھی ظلم وستم کے خلاف ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے برابر کے پاکستانی ہیں اور ایم کیوایم مذہبی اقلیتوں کی جان و مال، ان کی عبادت گاہوں کے تحفظ کیلئے بھرپور کردار ادا کرتی آئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی زبانی بات نہیں کرتی بلکہ عملی طور پر ان کے ساتھ ہے۔ جناب الطاف حسین نے بیساکھی کے تہوار پر ایک مرتبہ پھر سکھ عوام کو دلی مبارکباد پیش کی اور ان سے اپیل کی کہ وہ بیساکھی کے تہوار کے موقع پر اپنی عبادتوں میں ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور ایم کیوایم کے حق پرستانہ مشن ومقصد اور نظریئے کی کامیابی کیلئے بھی دعائیں کریں۔

## 25 اپریل کو لاہور میں ہونے والا پنجاب کنونشن ملک بھر کے مظلوم عوام کی آواز ہے، حق پرست سینیٹرز

کراچی۔۔۔11، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹ نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے زیراہتمام 25 اپریل کو لاہور میں ہونے والا پنجاب کنونشن ملک بھر کے مظلوم عوام کی آواز ہے اور 25 اپریل سے پہلے ہی پنجاب بھر میں حق پرستی کے نعرے گونج رہے ہیں جو اس بات کی دلیل ہے کہ پنجاب کے مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اپنے اعتماد کا اظہار کر چکے ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درمیان دوریاں پیدا کرنے والے ناکام ہو چکے ہیں اور اب پنجاب میں حق پرستی کی تحریک میں مظلوم عوام جوق در جوق شامل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو پنجاب کے مظلوم عوام سے دور رکھنے والا 2 فیصد استحصالی طبقہ دراصل یہ نہیں چاہتا تھا کہ پنجاب کے مظلوم عوام میں شعور بیدار ہو اور وہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی طور پر میدان میں آئیں۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام کو اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے حق پرستی کا جو راستہ دکھایا ہے اسے پھیلنے سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ حق پرست ارکان سینیٹ نے صوبہ پنجاب کے عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ 25، اپریل کو لاہور میں ہونے والے ایم کیوایم کنونشن میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں۔

## اے پی ایم ایس او (گہوارہ ادب) کے تحت 13 پریل کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں فائنل تقریری مقابلہ ہوگا

## تقریری مقابلہ ''طلبہ میں سیاسی شعور کی اہم ضرورت'' کے عنوان سے منعقد ہوگا

کراچی۔۔۔11، اپریل 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن (گہوارہ ادب) کے زیراہتمام مورخہ 13 اپریل بروز منگل کو فائنل تقریری مقابلہ منعقد ہوگا جس میں شہر بھر کے تعلیمی اداروں کے طلبہ و طالبات شرکت کریں گے۔ تقریری مقابلہ ''طلبہ میں سیاسی شعور کی اہم ضرورت'' کے عنوان سے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد بلاک نمبر 8 میں دوپہر 12 بجے ہوگا۔ تقریری مقابلہ کیلئے اے پی ایم ایس او (گہوارہ ادب) کے تحت انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

## آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کی مصطفیٰ کمال اور اقبال محمد علی کی رہائشگاہوں پر جا کر تعزیت

کراچی۔۔۔11، اپریل 2010ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن و سابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ اور حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی کے بھائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کو اپنے دورہ کراچی کے موقع پر طاہر کھوکھر نے مرحومین کی رہائشگاہوں پر جا کر مصطفیٰ کمال اور اقبال محمد علی سمیت دیگر سوگواران سے دلی افسوس و تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحومین کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم ایلڈر زونگ ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے یونٹ آفس سیکریٹری ایوب احمد صدیقی اور شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ عابدہ بیگم انتقال کر گئیں
## الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔11، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈر ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے یونٹ آفس سیکریٹری ایوب احمد صدیقی اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کی کارکن محترمہ عابدہ بیگم انتقال کر گئیں (انا اللہ وانا الیہ راجعون)۔ ایوب احمد صدیقی مرحوم کی عمر 72 سال تھی اور وہ عارضہ قلب میں مبتلا تھے۔ ایوب احمد صدیقی مرحوم کے سوگواران میں بیوہ ایک بیٹی اور ایک بیٹا شامل ہے۔ مرحوم کو ایئرپورٹ ماڈل کالونی ملیر کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا جبکہ محترمہ عابدہ بیگم کی عمر 64 سال تھی اور ان کے سوگواران میں ایک بیٹا شامل ہے۔ ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے مرحومہ کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔ عابدہ بیگم مرحومہ کو محمد شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی، ایلڈر ونگ کے ارکان، ایم کیو ایم ملیر، ناظم آباد گلبہار سیکٹرز کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں و مرحومین کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بزرگ کارکن ایوب احمد صدیقی اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ عابدہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایوب احمد صدیقی اور محترمہ عابدہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ B-140 کے جوائنٹ یونٹ انچارج نوید کی ہمشیرہ محترمہ شازیہ، ایم کیو ایم محمود آباد سیکٹر یونٹ 4A کے کارکن شفقت لطیف کی والدہ محترمہ عطیہ خانم اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن مظفر کے والد بشیر احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## جامعہ وفاقی اردو یونٹ سیکٹر اے کی سابق یونٹ کمیٹی کے رکن سے اے پی ایم ایس او کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، اپریل 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے جامعہ وفاقی اردو یونٹ سیکٹر اے کی سابق یونٹ کمیٹی کے رکن رفت قادری کے والد عبدالمنان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے والد حاجی انعام اللہ مرحوم کا سوئم

کراچی۔۔۔11، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے والد حاجی انعام اللہ کا سوئم عثمان آباد میں واقع مرحوم کی رہائشگاہ پر منعقد ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی۔ سوئم کے اجتماع میں ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد، اراکین علماء کمیٹی، حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، ثناء خواں حضرات، مذہبی انجمنوں کے عہدیداران، ایم کیو ایم کے مختلف ونگز و شعبہ جات کے اراکین، ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆